© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

ملتان (۲۹/اپریل) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ قادیانی آئین سے بغاوت کررہے ہیں، وہ پاکستان کے آئین کو تسلیم کرلیں تو دیگر غیر مسلم اقلیتوں کی طرح اپنے حقوق حاصل کرلیں۔ ہم ہر قیمت پر ملکی آئین کی حفاظت کریں گے۔ وہ مجلس احرارِ اسلام کے زیرِ اہتمام سالانہ ''تحفظ ختمِ نبوت کانفرنس'' کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کی قادیانیت سے عبادات کی نہیں عقیدہ وایمان کی جنگ ہے۔ مسئلہ ختم نبوت ہمارے ایمان کا بنیادی جزو ہے۔ ہم اس کی حفاظت کے لیے زندہ ہیں اور اس پر مرمٹنے کا عزم رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قادیانی اپنے حقوق سے تجاوز کرکے مسلمانوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں۔ حکومت قادیانیوں کو نکیل ڈالے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظمِ اعلیٰ قاری محمد حنیف جالندھری نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام زمانوں اور تمام مخلوقات کے نبی ہیں۔ حضور خاتم الانبیاء ہیں۔ آپ کے بعد نبوت کا تصور کفر کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ علماء نے آئین سے قادیانی ترمیم اور اسلامی دفعات کے خاتمے کی سازش ناکام بنادی ہے۔ عوام بیدار ہیں اب تحریک ختم نبوت کا نیا باب رقم کیا جائے گا۔ حکومت قادیانیوں سے آئین پر عمل کرائے اور آئین سے غداری کرنے والوں کو سزا دے۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ قادیانی مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر دنیا کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ قادیانی اپنے عقیدے کے مطابق ملک کی جغرافیائی سرحدوں کو پامال کرکے اکھنڈ بھارت کے قیام کی سازشوں کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ وہ قوم کی اعتقادی ونظریاتی بنیادوں پر حملہ آور ہیں۔ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) میں گھسے ہوئے قادیانی ملکی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں۔ سیاسی جماعتیں قادیانیوں کو اپنی صفوں سے نکال دیں۔ آئین میں قایانیوں سے متعلق شقوں کا بحال رہنا خوش آئند ہے لیکن اسلام آباد اور چنیوٹ میں قادیانیوں کو کئی ایکڑ اراضی کی الاٹمنٹ لمحۂ فکریہ ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں قیام امن کے لیے قادیانی سازشوں کو روکنا ناگزیر ہے۔ قادیانی سب سے بڑے دہشت گرد ہیں۔ جماعت اسلامی پنجاب کے امیر ڈاکٹر سید وسیم اختر نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت عالم اسلام کے اتحاد کا مرکز ہے۔ عالم اسلام کی اصلاح اور وحدت ختم نبوت سے وابستہ ہے۔ قادیانیت ایک ناسور ہے۔ سید محمد معاویہ بخاری نے کہا کہ قادینی عالمی استعمار کے ایجنٹ ہیں قادیانی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وفادار نہیں تو ملک کے وفادار کیسے ہوسکتے ہیں۔ کلیدی عہدوں پر ان کا براجمان ہونا ملکی سلامتی کے لیے شدید خطرہ ہے۔ قادیانیوں کو حساس عہدوں سے فوراً برطرف کیا جائے۔ مجلس احرارِ اسلام کے نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد نے کہا کہ قادیانی آئینِ پاکستان کی مخالفت ترک کردیں۔ مجلس علماء پاکستان کے رہنما مولانا عبدالکریم ندیم نے کہا کہ مجلس احرار اسلام کے ہوتے ہوئے قادیانی کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کا مشن جاری رہے گا اور تحریک ختم نبوت اپنے اہداف کامیابی سے حاصل کرے گی۔ مجلس احرار علماء کو اکٹھا کرکے جو فیصلہ بھی کرے ہم اس کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ کانفرنس سے اہل سنت والجماعت کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں، مولانا محمد مغیرہ، قاری محمد یوسف احرار، سید محمد کفیل بخاری اور مفتی سید صبیح ہمدانی نے بھی خطاب کیا۔ قاری معاذ اور قاری عبدالرحمٰن نے تلاوت کی جبکہ مولانا شاھد عمران عارفی، حافظ محمد اکرم احرار حسین اختر اور مہر محمد سلیم نے ہدیۂ نعت پیش کیا۔ اس عظیم الشان ''ختم نبوت کانفرنس'' کے اختتام پر متعدد قراردادیں بھی منظور کی گئیں۔ جن میں مطالبہ کیا گیا کہ آزاد کشمیر سمیت ملک کے تمام صوبوں میں یکساں طور پر امتناعِ قادیانیت ایکٹ پر مؤثر عمل درآمد کرایا جائے۔ ایک قرارداد میں اس امر پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ آزاد کشمیر میں قادیانی ارتدادی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سرگرمیاں حد سے بڑھ گئی ہیں اور آزاد کشمیر کے وزیراعظم ''راجہ محمد فاروق حیدر'' یہ کہہ رہے ہیں کہ قادیانی لابی ان کے خلاف متحد ہوگئی ہے اوران کی حکومت کے خلاف سازشیں ہورہی ہیں۔کانفرنس میں مطالبہ کیا گیا کہ حکومت پاکستان آزاد کشمیر میں قادیانی مداخلت کوروکے اور عقیدۂ ختم نبوت کے خلاف ہونے والی ریشہ دوانیوں کا سد باب کرے۔کانفرنس میں اس امر پر گہری تشویش ظاہر کی گئی کہ اسلام آباد پارلیمنٹ ہاؤس اور کہوٹہ پلانٹ کے قرب وجوار میں قادیانیوں نے وسیع رقبے حاصل کر لیے ہیں جو بلیک واٹرطرز کی سرگرمیوں کی آماجگاہ بنیں گے۔کانفرنس میں مطالبہ کیا گیا کہ چناب نگر کے قریب وسیع رقبے کی نیلامی کے حکم کوروکا جائے اور کسی بھی حیلے سے قادیانیوں کی اجارہ داری قائم نہ ہونے دی جائے۔کانفرنس میں اس امر پر شدید احتجاج کیا گیا کہ ایوانِ اقتدار کے اردگرد قادیانیوں کو بھرتی اور مسلط کیا جارہا ہے۔کانفرنس میں کہا گیا کہ آئینی اصلاحات کمیٹی نے آئین کی اسلامی دفعات کو اٹھارہویں ترمیم میں شامل نہ کر کے قیام ملک کے مقصد کو منہدم ہونے سے بچالیا ہے۔لیکن دینی حلقوں اور محبّ وطن قوتوں کو چاہیے کہ وہ بیرونی دباؤ اور اندرونی سازشوں کے تدارک اور سد باب کے لیے پہلے سے زیادہ مستعد ہوجائیں۔

## تحفظ ختم نبوت کی جدوجہد ہر مسلمان کا فریضہ ہے۔(سید کفیل بخاری)

سیالکوٹ(۱۴مئی) مجلس احرارِ اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد ہر مسلمان کا فریضہ ہے۔حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت واطاعت عالمی استعمار کی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشوں کو ناکام بنانے اور امتِ مسلمہ کی وحدت کو قائم رکھنے کا سب سے مضبوط ذریعہ ہے۔قادیانیت اسلام کے خلاف یہود ونصاریٰ کا پیدا کیا ہوا سب سے بڑا فتنہ ہے۔قادیانی مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر دنیا کو دھوکہ دے رہے ہیں۔مسلمانوں کو اس دھوکے سے بچانا اور قادیانیوں کو دینِ اسلام کی دعوت دینا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔ان خیالات کا اظہار سید کفیل بخاری نے جامع مسجد دارالعلوم شہابیہ میں اجتماع جمعہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وہ دارالعلوم شہابیہ کے مہتمم مولانا حامد عثمان کی دعوت پر ایک روزہ دورے پر سیالکوٹ آئے۔نمازِ جمعہ کے بعد انھوں نے تحریکِ ختم نبوت کے ممتاز کارکن پروفیسر شجاعت علی مجاہد کے گھر جا کر ان کے مرحوم بھائی کی تعزیت اور دعا مغفرت کی۔تحریکِ ختم نبوت کے کارکنوں نے جناب محمد عبداللہ کے ہمراہ ان سے ملاقات کی جب کہ قدیم احرار کارکن جناب شیخ جلال دین صاحب بھی ملاقات کے لیے تشریف لائے۔علاوہ ازیں مجلس احرارِ اسلام سیالکوٹ کے کارکنوں جناب امجد حسین صاحب، جناب محمد اشرف صاحب، جناب محمد معاویہ خالد اور جناب قاری عبدالصبور نے تنظیمی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلۂ خیال کیا۔

☆☆☆

چناب نگر(پ ر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور قاری محمد یوسف احرار نے چناب نگر میں نیلامی کے ذریعے ۱۵ا/ ایکٹر رقبہ قادیانیوں کو دینے کی خطرناک سازش ناکام ہونے پر مولانا محمد مغیرہ، قاری شبیر احمد عثمانی اور دیگر علماء ختم نبوت کی پرامن جدوجہد کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ قادیانی اور قادیانی نواز لابیاں ہر محاذ پر ناکامی ونامرادی سے دوچار ہوں گی۔ایک بیان میں مجلس احرار اسلام کی قیادت اور تحریک تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں نے حکومت کو انتباہ کیا ہے کہ وہ کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو بلا تاخیر الگ کرے اور مختلف حربوں اور حیلوں سے قادیانیت نوازی اور کفر و اِرتداد پروری ترک کردے۔علاوہ ازیں مجلس احرارِ اسلام کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ ریلوے اراضی کی لیزنگ بذریعہ بولی کے سلسلہ میں ایک اور نیلامی مشتہر کی گئی ہے جس کے مطابق ۷/ جون کو جگہ نیلام کی جائے گی جو ۱۱/ ایکٹر پر مشتمل ہے۔ہمارا مطالبہ ہے کہ چناب نگر اور اس کے گردونواح میں کوئی ایسی نیلامی نہ کی جائے جس کو حاصل کر کے قادیانی اپنی اِرتدادی سرگرمیوں کو آگے بڑھائیں۔انھوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ چناب نگر میں ناجائز جگہوں پر قابض قادیانیوں سے جملہ جگہیں واگزار کرائی جائیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ملتان (۲۱؍مئی) فیس بک پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کے خلاف مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری کی قیادت میں ایم ڈی اے چوک پر احتجاجی مظاہرہ ہوا۔ مقررین نے کہا کہ حکومت توہین رسالت کے واقعات کے سد باب کے لیے بین الاقوامی سطح پر اپنا کردار ادا کرے۔ فیس بک کی انتظامیہ کو انٹر پول کے ذریعے طلب کیا جائے۔ اگر عمر البشیر کے خلاف وارنٹ گرفتاری جاری ہو سکتے ہیں تو گستاخ رسول کارٹونسٹ کو کیوں کیفر کردار تک نہیں پہنچایا جا سکتا۔ انھوں نے کہا کہ fasad book کے فسادی کردار کو لگام دی جائے۔ مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ امریکہ کی طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والوں سے مذاکرات کا بیان اس کی اسلام دشمنی اور دوہرے کردار کا غماز ہے۔ امریکہ عالمی استعماری قوتوں کا سرغنہ، دنیا کا سب سے بڑا ظالم، دہشت گرد اور انسانی حقوق کا قاتل ہے۔ مظاہرین میں مجلس احرار اسلام اور تحریک طلباء اسلام کے رہنما مولانا محمد اکمل، شیخ حسین اختر، سید عطاء المنان بخاری، مفتی صبیح الحسن ہمدانی، نعمان سنجرانی، علی مردان، حافظ اخلاق احمد اور محمد فرحان الحق بھی شامل تھے۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۱۶؍مئی) قادیانیوں کی طرف سے چک نمبر ۶۔۱۱، ایل تھانہ ہڑپہ میں غیر قانونی تبلیغی اِرتدادی اجتماع تحریک ختم نبوت اور مجلس احرارِ اسلام کے بروقت نوٹس لینے پر منعقد نہ ہو سکا۔ دینی جماعتوں اور شہریوں کی طرف سے بروقت پولیس کارروائی کا خیر مقدم۔ تفصیل کے مطابق جمعتہ المبارک کی شام کو مجلس احرارِ اسلام کے زونل دفتر میں یہ اطلاع پہنچی کہ ہفتے کو دس بجے صبح چک نمبر ۶۔۱۱، ایل میں قادیانی اجتماع کرنا چاہتے ہیں اور اس کے لیے انھوں نے مہم بھی بنا رکھی ہے اور بعض مسلمانوں کو بھی شرکت کی دعوت دے رکھی ہے جس پر چک کے مجاہدین ختم نبوت نے مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ کو اطلاع دی۔ انھوں نے پولیس اور متعلقہ حکام کو صورتحال کی سنگینی سے مطلع کیا۔ گزشتہ روز قادیانیوں نے عبادت گاہ کی بجائے ایک مکان میں اجتماع منعقد کرنے کی کوشش کی جو بروقت کارروائی پر منعقد نہ ہو سکا۔ مجلس احرارِ اسلام، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ تحریک تحفظ ختم نبوت اور دیگر جماعتوں کے رہنماؤں اور کارکنوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ساہیوال ڈویژن میں امتناع قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد کی صورتحال بہتر بنائی جائے اور ۶۔۱۱، ایل میں اِرتدادی اجتماع منعقد کرنے کی کوشش کرنے پر ذمہ دار قادیانیوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲۱؍مئی) امریکہ اور عالم کفر کی طرف سے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں توہین اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ابلاغیاتی دہشت گردی کے خلاف چیچہ وطنی کی مرکزی جامع مسجد کے باہر مجلس احرارِ اسلام، تحریک ختم نبوت اور جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مشترکہ احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے بڑے بڑے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ پر جوش نوجوان امریکہ یہودیوں اور قادیانیوں کے خلاف سخت نعرے بازی کر رہے تھے۔ مظاہرین سے مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، جمعیت علماء اسلام چیچہ وطنی تحصیل کے امیر پیر عزیز الرحمٰن، جماعت اسلامی کے رہنما ڈاکٹر افتخار احمد اور حافظ حکیم محمد قاسم نے خطاب کیا جبکہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر شیخ الحدیث مولانا محمد ارشاد نے اختتامی دعا کرائی۔ مقررین نے کہا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ مسلمان کی پہچان یہ ہے کہ اُسے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس دنیا کی ہر شے سے زیادہ عزیز ہو۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے احتجاجی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کو حکمت اور صبر سے کام لینے کی ضرورت ہے۔ ظلم و سفا کی کے دن اب تھوڑے ہیں۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کا تقدس و حرمت کمزور سے کمزور مسلمان کے دل سے بھی نہیں نکالی جا سکتی۔ فیس بک facebook یا میڈیا پر دہشت گردی ہمارے عزم و ہمت کو اور زیادہ مضبوط کر رہی ہے اور پوری دنیا میں تعلیم یافتہ نوجوان کی ایک ٹیم تیار ہو گئی ہے جو پروپیگنڈہ کی دنیا میں اس صحافتی دہشت گردی پر نظر بھی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رکھ رہی ہے اور سدباب بھی کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ قادیانی لابی پوری دنیا میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف دہشت گردی میں یہود و نصاریٰ کی پوری مددگار ہے۔ مولانا عزیز الرحمٰن نے کہا کہ نائن الیون کے بعد مسلمانوں پر جو جنگ مسلط کی گئی وہ دہشت گردی اور انسان دشمنی کی جنگ ہے۔ مسلمان کمزور ہونے کے باوجود عقیدے پر پختگی سے یقین رکھتا ہے اور آخر کار فتح اہل اسلام کی ہوگی۔ ڈاکٹر افتخار احمد نے کہا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین انسانیت دشمنی کا مظہر ہے امریکہ اور یورپی ممالک نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ناروا جنگ شروع کر رکھی ہے۔ یہی جنگ عالم کفر کی تباہی کا سبب بنے گی۔ احتجاجی اجتماع میں مطالبہ کیا گیا کہ قادیانی جماعت کو خلاف قانون قرار دیا جائے۔ بلیک واٹر کی سرگرمیوں کو بند کیا جائے۔ مرکزی انجمن تاجران کے صدر شیخ محمد حفیظ، حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر، سردار محمد نسیم ڈوگر، سید رضوان الدین احمد صدیقی، حافظ حبیب اللہ چیمہ سمیت متعدد دینی وسیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے خصوصی شرکت کی۔ تحریک طلباءِ اسلام کے نوجوانوں اور اسلامی جمعیت طلباء کے کارکنوں نے اجتماع میں زبردست نعرے بازی کی۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲۳ مئی) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ خانقاہ سراجیہ کے سجادہ نشین حضرت مولانا خواجہ خان محمد کی ساری زندگی اِتباعِ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں گزری وہ اہل حق کی تمام جماعتوں اور تمام طبقات کے عملاً شفیق سرپرست تھے۔ وہ دارالعلوم ختم نبوت جامع مسجد چیچہ وطنی میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے سربراہ حضرت خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کی یاد میں منعقدہ تعزیتی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ اجتماع کی صدارت مرکز سراجیہ لاہور کے مدیر صاحبزادہ رشید احمد نے کی۔ مجلس احرارِ اسلام کے رہنما حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر نے بھی خطاب کیا جبکہ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد سرور، صوفی نصیر احمد چیمہ، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما رائے محمد مرتضیٰ اقبال، انجمن تاجران کے صدر شیخ محمد حفیظ، شیخ جاوید منیر احمد، چیچہ وطنی پریس کلب کے سرپرست رانا عبداللطیف، جمعیت علماءِ اسلام کے رہنما پیر جی عزیز الرحمٰن، مولانا محمد صفدر عباس، قاری محمد قاسم، حافظ حبیب اللہ چیمہ، چودھری عبدالحق خالد، سمیت خانقاہ سراجیہ کے متوسلین، مجلس احرار اور تحریک ختم نبوت کے کارکنوں کی ایک بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ خانقاہ سراجیہ سے روحانی وقلبی تعلق کا تقاضا ہے کہ حضرت مرحوم کا صدقہ جاریہ جاری رہے اور ان کا فیض پہلے کی طرح عام ہوتا رہے۔ انھوں نے کہا کہ برصغیر میں حضرت خواجہ خان محمد مرحوم کے بعد بظاہر اس سطح کی کوئی مشفق و مربی بزرگ شخصیت نظر نہیں آتی۔ صاحبزادہ رشید احمد نے کہا ہے کہ حضرت خواجہ خان محمد مرحوم سے تعلق خاطر نبھانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم سلوک و تصوف کے ساتھ ساتھ تحریک ختم نبوت کے کام کو جدید انداز میں دنیا بھر میں منظّم کرنے والے بن جائیں اور صبر واستقامت کے ساتھ آگے بڑھیں۔ حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر نے کہا کہ تحفظ ختم نبوت کے سلسلہ میں حضرت خواجہ خان محمد نے چالیس سال تک جہدِ مسلسل کی اور کٹھن ترین حالات میں تحریک ختم نبوت کو کامیابیوں سے ہمکنار کیا۔ علاوہ ازیں اِس موقع پر علاقہ بھر سے دینی جماعتوں کے کارکنوں اور خانقاہ سراجیہ سے متعلق حضرات نے صاحبزادہ رشید احمد سے حضرت خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور حضرت مرحوم کی خدمات جلیلہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ حضرت مرحوم کے متوسلین نے حضرت کے انتقال کو پوری ملت اسلامیہ کے لیے مشترکہ غم قرار دیا اور اجتماعی دعائے مغفرت بھی کرائی گئی۔

## دعوت دین کا کام منظّم کریں اور فتنوں سے ہوشیار رہیں۔ (سید کفیل بخاری)

جوہر آباد (۲۸ مئی) مجلس احرارِ اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید کفیل بخاری نے کہا ہے کہ دین کی دعوت کے کام کو منظّم کرنا اور دین کے خلاف اٹھنے والے فتنوں سے باخبر اور ہوشیار رہنا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ نیکی پھیلانے اور بدی کو مٹانے میں ہماری بقا مضمر ہے۔ وہ مولانا عبدالجبار کی دعوت پر مدرسہ علوم شرعیہ میں اجتماع جمعہ سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ اسلام امن وسلامتی کا دین ہے اور قرآن کے حکم کے مطابق امن اور ہدایت اُسی وقت ممکن ہے جب مسلمان اپنے ایمان کو ظلم سے ملوث نہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کریں۔عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ،حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے عملی محبت اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی سچی پیروی کے بغیر مسلمان کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔سید کفیل بخاری نے جماعتِ اسلامی کے رہنما جناب عبدالرشید ارشد سے ان کی قیام گاہ پر ملاقات کی۔بزرگ احرار کارکن جناب صوفی محمد جیون مرحوم کے گھر جا کر ان کے فرزندوں جناب انعام الٰہی اور محبوب الٰہی سے اظہار تعزیت ودعا مغفرت کی۔مدرسہ کاشف العلوم میں درس گاہوں کا سنگِ بنیاد رکھا۔بعدازاں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنما مفتی زاہد محمود صاحب کے جامعہ اسلامیہ امدادیہ میں پریس کانفرنس اور طلباء سے خطاب کیا۔مولانا عبدالجبار،حکیم رشید احمد،قاری محمد سلیم، مولانا احسان الخالق،مولانا عبدالستار،مولانا محمد جعفر اور تحریک ختم نبوت کے مجاہد سید اطہر شاہ بخاری بھی اس موقع پر موجود تھے۔

☆☆☆

ملتان (۲۸رمئی) توہین آمیز خاکوں اور ابلاغیاتی دہشت گردی کے خلاف مجلس احرارِ اسلام پاکستان اور تحریک تحفظ ختم ِنبوت کے زیر اہتمام ملک بھر میں ”یوم احتجاج“ منایا گیا ملتان میں نماز جمعۃ المبارک کے بعد قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری کی قیادت میں بڑا احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔سید عطاء المہیمن بخاری اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ اور عالم کفر اسلام اور مسلمانوں کو بدنام کرنے کے لیے ہر حربہ استعمال کررہا ہے اور انسان دشمنی کے لیے تمام وسائل استعمال کئے جارہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے حکمران دینی غیرت سے عاری ہیں اور اس مسئلہ پر بے حسی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ فوزیہ وہاب نے قرآن اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی توہین کی ہے۔انھوں نے کہا کہ دہشت گرد ہم نہیں ہم پر ظلم کرنے والے دہشت گرد ہیں۔امریکہ اور اس کے حاشیہ بردار دہشت گردی کو فروغ دے کر انسانیت پر ظلم کے مرتکب ہورہے ہیں۔ہم امن کے داعی ہیں ۔امن ہمارا پیغام ہے۔مظاہرے میں تحریک طلباء اسلام ملتان کے رہنماؤں سید عطاء المنان بخاری،اخلاق احمد،علی مردان،فرحان الحق حقانی،نعمان احمد سنجرانی نے بھی شرکت کی۔سید محمد کفیل بخاری نے جوہر آباد میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ ویورپ امن کے نام پر بدامنی اور فساد کو فروغ دے رہے ہیں۔قاری محمد یوسف احرار نے لاہور میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا اور او آئی سی کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اور اُدھر متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے کنوینئر اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے توہین آمیز خاکوں کی آڑ میں بین المذاہب فسادات کروانے کے لیے یہ امریکی وصہیونی سازش ہے۔پاکستانی حکمرانوں کو چاہیے کہ یوٹیوب پر بھی پابندی برقرار رکھیں اور منافقت ترک کرکے آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے منصب رسالت وختم نبوت کے حوالے سے پوری دنیا میں منظّم لابنگ کریں اور سوئے ہوئے مسلم حکمرانوں کو خواب غفلت سے بیدار کریں۔






© rasailojaraid.com